وی۔ شانتا رام کا

गीत गाया पत्थरों ने

گیت گایا پتھروں نے

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

گیت گایا پتھروں نے فلم کے

گانا نمبر ۱

لڑکا :۔ آئی بات سمجھ میں لڑکی :۔ آئی

〃 آیئے پدھاریئے ۔ یہ دیکھو

شیو اور پاربتی کی شادی ۔ جیسی ہر لڑکی کی شادی

جیسی ہر لڑکی کی شادی ۔ آئی بات سمجھ میں

لڑکی :۔ آئی لڑکا :۔ تو آیئے پدھاریئے

لڑکا :۔ دیکھو اب کیلاش کے اوپر شیو اور پاربتی بیٹھے ہیں

آنکھیں پیار بھرے دو پیالے ۔ جن کو ترسیں دنیا والے

آئی بات سمجھ میں لڑکی :۔ آئی

لیکن اب یہ نیچے دیکھیے ۔ شیو کے بھگت راون

جس نے اپنے شیش اٹھایا ۔ اونچے پربت کے آسن کو

آئی بات سمجھ میں لڑکی :۔ پھر

لڑکی :۔ پھر لڑکی :۔ ہاں پھر

لڑکا :۔ پھر وہی ہوا جو ہونا تھا

راون یہاں مگر پربت پر رام اور سیتا بیٹھے تھے

لڑکی :۔ پھر

لڑکا :۔ سیتا نے پھر رام کو دیکھا ۔ لڑکی :۔ پھر

رام نے پھر سیتا کو دیکھا ۔ لڑکی :۔ پھر

من ہی من دونوں مسکائے ۔ خوش ہو کر راون کے سر پر
آشیشوں کے پھول گرائے
آئی بات سمجھ میں ۔ لڑکی :۔ اوں ۔ ہوں
لڑکا کیوں ؟
لڑکی :۔ رام سیتا نہیں گائیڈ جی
یہ تو ہیں شیو پاربتی جی
آئی بات سمجھ میں ۔ لڑکے :۔ آئی
آیئے بد ھار یئے ۔
دیکھو روپ یہ پاربتی کا ۔ دوسرا نام ہے جس کا درگا
جگ کا کشٹ مٹا پل بھر میں ۔ رپو کو لشٹ کیا پل بھر میں
لڑکا :۔ ارے باپ رے
لڑکیاں :۔ آئی بات سمجھ میں ۔ لڑکے :۔ آئی
تو آیئے بدھار یئے ۔
پر درگا کا روپ دیکھ کر ۔
بڑھتے شانت کرنے کو شنکر لگے لیٹنے نربس بن کر
لڑکا :۔ کیسے ۔ لڑکیاں :۔ ایسے ۔
جیسے
لڑکی :۔ ہاں ایسے
لڑکے آئی بات سمجھ میں ۔ لڑکا :۔ آئی
لڑکی :۔ تو آیئے بدھاریئے ۔ لڑکا :۔ ارے گائیڈ جی
لڑکا :۔ ذرا ادھر دیکھو یہ کیا ہے
چپ کیوں ہو گئی اب منہ کھولو

لڑکے:۔ بھولے نا تھ کی ہے جے بولو
لڑکا:۔ آئی بات سمجھ میں۔ لڑکی:۔ آیئے پدھاریئے
گانا نمبر۲:۔ تیرے خیالوں میں ہم ۔ تیری ہی باہوں میں ہم
اپنے ہیں دونوں جہاں ۔ ہو جائیں بے خود یہاں ۔ تیرے۔۔۔
ہوں روشنی بھر کی ۔ پلکوں میں تیرے چھپی
جب آنکھ کھلے گی تو ۔ پتلی میں ہوں گے ہم ہی
ہم ہیں کلا کی زبان ۔ ہاتھوں میں تیرے رواں ۔ تیرے۔۔۔
مدھ بھری چنچل یہ شام ۔ دیتی ہے تجھ کو پیام
تھم پہ کر شاعری ۔ تجھ کو ہمارا سلام
تو ہے یہاں ہم وہاں ۔ جھومیں زمیں آسماں ۔ تیرے۔۔۔
گانا نمبر۳:۔ سانسوں کی تار پر ۔ دھڑکن کی تار پر
دل کی پکار کا ۔ رنگ بھرے پیار کا
گیت گایا بھیروں نے
تھرکیلے ہونٹوں سے نکلا ہے نغمہ ۔ البیلا دردیلا
مستی بھری زندگی کا
چھیڑے محبت کے پہلو ہزاروں ۔ پیغام ہے بے خودی کا
ہو ہم ہے ساز پر ۔ مستانی گونج میں
دل کی پکار رنگ بھرے پیار کا ۔ گیت گایا بھیروں نے
جب تک ہے قائم یہ دھرتی یہ امبر
بادوں کے بادل ہے ۔ گونجا کریں گے ترانے
اپنے ہی سپنوں کی یہ بیقراری ۔ دیکھا کریں گے زمانے

ہردیہ کی بین پر ۔ جیون ستار پر
دل کی پکار کا ۔ رنگ بھرے پیار کا ۔ گیت گایا بھنوروں نے

گانا نمبر۴ ۔ ہو ساتھ اگر پیو میں ایک مست شباب
ایک جام ہو اور ہاتھ میں شعروں کی کتاب
ایک ساز ہو اور ساز پہ گاتی ہو حسینہ
بن جائے یہ ویرانہ بہاروں کا جواب
منڈوے تلے غریب کے دو پھول کھل رہے ہیں
اے رات تو نہ جانا، اے چاند تو نہ جانا
یہ نوبہار چپکے سے دیکھو نظر نہ تم لگانا ——
موسم عشق ہے ذرا ہوش سنبھال
حاصل تجھے محبوب ہے ارمان نکال
کچھ بات تو کر لے نہیں کل کی خبر
کیا جانے غم دنیا اسے خاک میں ڈال ——

گانا نمبر۵ ۔ جانے والے او میرے پیار ۔ تیری خوشی ہے میری بہار
آنسو میرے یاد رہیں ۔ کروں گی میں انتظار
جانے والے او میرے پیار
رنگین اجنتا کی رنگینیوں سے ۔ تو چاہے دل کو لگانا
مدھو را کے دلکش نظاروں میں رہ کر ۔ تو چاہے سپنے سجانا
بے لور کی نازنین وادیوں میں ۔ تو چاہے ہستی مٹانا
اپنی کلا سے چمکا دنیا کو دنیا ۔ لیکن میرے دل کے قرار
آنسو میرے یاد رہیں ۔ کروں گی میں انتظار

جانے والے او میرے پیار
دِل والے کے دُکھ یا سندروں ہیں۔ تو چاہے راتیں جگاتا
سا پنی کی متانی گہرائیوں میں۔ مست ہو کر ڈوب جاتا
تاج محل کی ڈھیر چاندنی میں۔ تم چاہے جیون بتاتا
تاروں سے اونچا ہو نام تمہارا۔ لیکن سُن لو آتی پکار
آنسو میرے یاد رہیں۔ کروں گی میں انتظار
جانے والے او میرے پیار

گانا نمبر ۶۔ آجا جان جاں میرے مہرباں
نینوں کا گجرا یلائے۔ دِل کا یہ جرا یلائے
باہوں کا گجرا یلائے۔ آجا جانِ جاں۔۔۔
جب سے گیا تو گھر سے۔ میری محبت ترسے
پلکوں سے ساون برسے۔ جیدا نہ گزرے ادھر سے
ہر سانس دکھ کو جھلکے۔ زخموں نے آنسو بہائے۔ آجا۔۔
گھنگھرو میں نغمہ تمہارا۔ آنسو میں جلوا تمہارا
پھولوں میں نکھرا تمہارا۔ تاروں میں ہنسنا تمہارا
میری نظر للچائے۔ ہونٹوں سے نکلے ہائے۔ آجا جانِ۔۔

گانا نمبر ۷:۔ رات نوجواں جھومتا سماں
ڈر کیسا دِل واڈیہ لگا
جیت بھی یہاں ہار بھی یہاں۔ ڈر کیسا۔۔
دُنیا کیا ہے جوئے کا آشیانہ
چال جب چل دی تو کاہے پچھتانا

ہار میں پیار ہے پیار میں ہار ہے ۔ ڈر کیسا۔۔
رات نوجوان جھومتا سماں
اپنا تو اپنا ہے دشمن ہو راہی
بازی اُس کی جو لے جائے بازی
اسی میں جیت ہے جیت میں سنگیت ہے ۔ ڈر کیسا۔۔
رات نوجوان جھومتا سماں
گانا ہم نے سانسوں کے تار پر ۔ دھڑکن کی تال پر
دِل کی پکار کا ۔ رنگ بھرے پیار کا
گیت گایا پتھروں نے
اِنساں کی چاہت بھری کلپنا نے
دی رہی ہے ۔ بھر دی ہے ۔ پتھروں میں وہ نوجوانی
ایک ایک صورت ہے شکل محبت
آنکھوں نے دی زندگانی
پیار کی سُروں نے ۔ اپنی ہی دُھن میں ۔ گیت گایا پتھروں نے
ہر ایک پتھر ہے پریم کی الفت
سنتوں ہی صدیوں ہی ۔ ہر دم رہیں گے یہ دل کے
اِن میں بہتی ہے اِنساں کا بھید بھاؤ
ٹکڑے ہیں یہ ایک دِل کے
شناسی کے راگ پر ۔ ایکتا کے تال پر
گیت گایا پتھروں نے
ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر آپکو ایک ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کریں

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کے لئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات۔ نیز پرائیوٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۲/۱/- محصول ڈاک معاف

اندر جال عرف استاد جادوگراں

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جس کے لئے اردو دان اصحاب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے

قیمت صرف 3/1/- محصول ڈاک معاف

نتن اینڈ کو پبلیشرز دریبہ کلاں دھلی